انتخابات ماتحت مجالس احرار اسلام

محمد نعیم ناصر (حاصل پور)

انتخاب مجلس احرار اسلام بستی چھوہن (حاصل پور)

۱۲ جنوری ۱۹۹۵ء کو مجلس احرار اسلام بستی چھوہن حاصل پور کا افتتاحی اجلاس زیر صدارت حضرت سید عطاء المؤمن بخاری صاحب مدظلہ منعقد ہوا۔ اجلاس کی باقاعدہ کارروائی کا آغاز حضرت شاہ صاحب نے تلاوت قرآنِ کریم سے کیا۔ اس کے بعد مجلس احرار اسلام کے اصول و مقاصد اور منشور و دستور پر گفتگو فرمائی۔ آپ نے فرمایا کہ مجلس احرار اسلام اللہ کی سرزمین پر اللہ کے نظام کے نفاذ کے لئے دن رات کوشاں ہے۔ اسلامی تعلیمات کو سمجھ کر انہیں اپنی زندگی میں قابل عمل بنانے کے لئے ضروری ہے کہ کسی دینی جماعت کے ساتھ رغبت رکھی جائے۔ الحمدللہ ہماری جماعت ہر لحاظ سے اس معیار پر پوری اترتی ہے۔ ہم کسی کی افرادی قوت سے مرعوب ہوئے بغیر اللہ کے دین کی سربلندی کے لئے سرگرم عمل ہیں۔ جماعت میں شمولیت سے پہلے آدمی اپنے خیالات اور نظریات میں آزاد ہوتا ہے لیکن جماعت میں شمولیت کے بعد اس کے منشور و دستور کا پابند ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد مقامی جماعت کی تشکیل کا عمل ہوا۔ حضرت شاہ صاحب نے اپنے دست مبارک سے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کے فارم پُر کئے اور ان سے اجتماعی حلف وفاداری لیا۔ اس موقعہ پر حضرت شاہ صاحب کے ساتھ حافظ کفایت اللہ صاحب امیر تحصیل حاصل پور، جناب حاجی ابوسفیان نائب صاحب ناظم اعلیٰ تحصیل حاصل پور، محمد نعیم ناصر ناظم نشریات تحصیل حاصل پور، جناب حافظ ہارون صاحب مہتمم مدرسہ احرار اسلام بستی شام دین اور جناب حافظ صفدر عباس صاحب بھی موجود تھے۔ اجلاس میں درج ذیل احباب نے شرکت کر کے جماعت میں شمولیت اختیار کی۔

۱۔ جناب حافظ ظہور احمد صاحب، ۲۔ جناب محمد اقبال صاحب، ۳۔ جناب نذیر احمد صاحب، ۴۔ جناب حافظ بشیر احمد صاحب، ۵۔ جناب عبدالحفیظ صاحب، ۶۔ جناب شبیر ساجد صاحب، ۷۔ جناب خالد محمود صاحب، ۸۔ جناب محمد خالد سلیم صاحب، ۹۔ جناب عزیز احمد صاحب۔

اراکین کی متفقہ رائے سے درج ذیل عہدیداروں کا چناؤ کیا گیا۔

امیر: جناب حافظ ظہور احمد صاحب، ناظم اعلیٰ: جناب محمد اقبال صاحب، ناظم نشریات: جناب نذیر احمد صاحب، آخر میں حضرت شاہ صاحب کی رقت آمیز دعا کے ساتھ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

انتخاب مجلس احرار اسلام بستی شہلی غربی (حاصل پور)

مجلس احرار اسلام موضع شہلی غربی (تحصیل حاصل پور) کے اراکین کا انتخابی اجلاس یکم جنوری ۱۹۹۵ء کو محترم حافظ محمد کفایت اللہ صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اور حاضر اراکین کی متفقہ رائے سے ۹۶،۱۹۹۵ء کے لئے درج ذیل عہدیدار منتخب کئے گئے۔

صدر: جناب محمد شفیع صاحب نمبردار، ناظم: جناب حافظ محمد مقبول صاحب، ناظم نشرو اشاعت: جناب عبدالسلام صاحب

مقامی مجلس شوریٰ: جناب احمد دین، جناب امام علی، جناب حافظ احمد علی، جناب حافظ محمد انور، جناب نور محمد، جناب عبید اللہ، جناب نذیر احمد، جناب محمد زمان، جناب اعجاز احمد، جناب اللہ دتہ، جناب لال احمد، جناب محمد حسین۔

انتخاب مجلس احرار اسلام لاہور شہر

مجلس احرار اسلام لاہور کے کارکنوں کا انتخابی اجلاس ۱۱ شعبان ۱۴۱۵ھ، ۱۳ جنوری ۱۹۹۵ء بعد نماز مغرب دفتر مجلس احرار اسلام (رحمٰن پورہ) میں منعقد ہوا۔ صدارت جناب چودھری ثناء اللہ بھٹہ صاحب نے کی۔ مہمانِ خصوصی اور نگران انتخابات جناب سید کفیل بخاری تھے جناب قاری محمد یوسف احرار کی تلاوت کلام پاک سے اجلاس کا آغاز ہوا۔ مرکزی نگران انتخابات سید محمد کفیل بخاری نے اپنے تمہیدی خطاب میں جماعت کی اہمیت، کارکنوں کی محنت و اخلاص اور انتخاب کے حوالے سے مختصر گفتگو کی۔

بعد ازاں شرکاء اجلاس کے متفقہ فیصلہ سے ۱۹۹۵-۹۶ء کے لئے درج ذیل عہدیدار منتخب کئے گئے۔

صدر:۔ جناب ظفر اقبال صاحب (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ)

ناظم:۔ میاں محمد اویس صاحب

ناظم نشرو اشاعت:۔ قاری محمد یوسف احرار

بعد ازاں ان عہدیداروں نے اپنے نائبین نامزد کئے۔

نائب صدر:۔ حکیم محمد انور مجاہد صاحب

نائب ناظم نشرو اشاعت: محمد اکمل شہزاد

مرکزی نمائندگان: چودھری ثناء اللہ بھٹہ صاحب، جناب ظفر اقبال، میاں محمد اویس۔

مقامی مجلس شوریٰ: چودھری ثناء اللہ بھٹہ صاحب، ظفر اقبال صاحب، میاں محمد اویس، قاری محمد یوسف احرار، حاجی عبدالقدیر بٹ صاحب۔ محمد اسلم ناز، حکیم محمد انور مجاہد، نصر اللہ صاحب، نثار احمد شیخ صاحب، حاجی محمد صادق صاحب، ملک محمد یوسف صاحب، چودھری محمد اکرام صاحب، حکیم محمد ذوالقرنین صاحب، محمد اکمل